کرنے کے قابل بناتا ہے۔

-61 روٹر (Router) سے کیا مراد ہے؟

جواب: روٹر ایک کمیونیکیشن ڈیوائس ہے جو دوسرے آلات کو نیٹ ورک میں شامل کرتا ہے۔ یہ ایک نیٹ ورک سے دوسرے نیٹ ورک میں ڈیٹا پیکٹ بھیجنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

## اہم کثیر الانتخابی سوالات

■ مندرجہ ذیل کثیر الانتخابی سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

-1 ایک کمپیوٹر نیٹ ورک دو یا دو سے زیادہ ــــــــ کا باہمی ربط ہے۔

(A) پرنٹرز (B) مانیٹرز

(C) کمپیوٹرز (D) ہارڈ ڈسکس

-2 ڈیٹا کو ایک جگہ سے دوسری جگہ ــــــــ کے ذریعے منتقل کیا جاتا ہے۔

(A) ماؤس (B) کی بورڈ

(C) سٹوریج ڈیوائس (D) ٹرانسمیشن میڈیا

-3 مندرجہ ذیل میں سے کون سا مواصلاتی آلہ ہے؟

(A) ماؤس (B) موڈیم

(C) مانیٹر (D) پرنٹر

-4 دوسرے آلات کو پیغامات، ڈیٹا یا معلومات بھیجنے کے لیے کون سا آلہ استعمال ہوتا ہے؟

(A) بھیجنے والا آلہ (Sending Device)

(B) وصول کرنے والا آلہ (Receiving Device)

(C) مواصلاتی آلہ (Communication Device)

(D) ان پٹ آلہ (Input Device)

-5 مندرجہ ذیل میں سے کون سا نیٹ ورک نسبتاً چھوٹے علاقے تک محدود ہے؟

(A) Internet (B) WAN

(C) MAN (D) LAN

-6 WAN میں 'W' کا مطلب ہے۔

(A) Width (B) Wire

(C) Wide (D) Whole

-7 مندرجہ ذیل میں سے کون سا طاقتور کمپیوٹر ہے جو نیٹ ورک سے منسلک کمپیوٹر یا آلات کو مختلف قسم کی خدمات فراہم کر کے پورے نیٹ ورک کی سہولت دیتا ہے؟

(A) سرور (B) کلائنٹ

(C) پرسنل کمپیوٹر (D) لیپ ٹاپ

8- مندرجہ ذیل میں سے کون سا توسیع کارڈ (Expansion Card) ہے جو کمپیوٹر کو نیٹ ورک سے منسلک کرنے کے قابل بناتا ہے۔
(A) Network Interface Card
(B) وی جی اے کارڈ (VGA Card)
(C) فیکس کارڈ (Fax Card)
(D) ساؤنڈ کارڈ (Sound Card)

9- مندرجہ ذیل میں سے کون سی تار کی ایک قسم ہے جس کے درمیان میں ایک تار ہوتی ہے اور اس کے اوپر چاروں طرف موصل (ڈھانپا ہوا) ہے جو کہ تار کے گرد ایک ڈھال ہے۔
(A) فائبر آپٹک (Fiber Optic)
(B) یو ٹی پی (UTP)
(C) ایس ٹی پی (STP)
(D) کوآکسل کیبل (Coaxial Cable)

10- مندرجہ ذیل میں سے کون سا تیز ٹرانسمیشن میڈیا ہے؟
(A) یو ٹی پی کیبل
(B) ایس ٹی پی کیبل
(C) فائبر آپٹک کیبل
(D) کوآکسل کیبل

11- کمپیوٹر کی نیٹ ورک ایک نیٹ ورک صارف کو فائل شیئر کرنے میں مدد دیتی ہے۔
(A) فائل شیئرنگ
(B) ایپلیکیشن شیئرنگ
(C) ہارڈ ویئر شیئرنگ
(D) انٹرنیٹ کنکشن شیئرنگ

12- یوزرز (صارف) آلہ (ڈیوائسز) دکھا سکتے ہیں جیسے پرنٹرز، سکینرز، ہارڈ ڈسک آلات وغیرہ۔
(A) فائل شیئرنگ
(B) ایپلیکیشن شیئرنگ
(C) ہارڈ ویئر شیئرنگ
(D) انٹرنیٹ کنکشن شیئرنگ

13- ایپلیکیشن کو نیٹ ورک پر شیئر کیا جا سکتا ہے کہلاتا ہے؟
(A) فائل شیئرنگ
(B) ایپلیکیشن شیئرنگ
(C) ہارڈ ویئر شیئرنگ
(D) انٹرنیٹ کنکشن شیئرنگ

14- نیٹ ورک کا گھر یا دفتر میں استعمال ______ کہلاتا ہے۔
(A) ایپلیکیشن شیئرنگ
(B) فائل شیئرنگ
(C) یوزر کمیونیکیشن
(D) عام انٹرنیٹ کنکشن شیئرنگ

15- نیٹ ورک یوزر کو نئے گروپ میں ای میل اور آلات کے لحاظ سے بات چیت (مواصلات) کی اجازت دیتا ہے۔
(A) ایپلیکیشن شیئرنگ
(B) فائل شیئرنگ
(C) یوزر کمیونیکیشن
(D) سٹوریج کی صلاحیت میں اضافہ

16- یہ ایک ایسا عمل ہے جو سکینر کے ذریعہ فراہم کردہ سرور (server) تک رسائی حاصل کرتا ہے۔
(A) کلائنٹ (Client)
(B) کلائنٹ سورس (Client Source)
(C) سرور (Server)
(D) کوئی نہیں (None)

17- یہ کمپیوٹرز کے درمیان وسائل شیئر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
(A) سسٹم
(B) نیٹ ورک
(C) ہارڈ ویئر
(D) سافٹ ویئر

-18 یہ ڈیٹا منتقل (transmission) کرنے کا موڈ (mode) ہے۔

(A) Duplex (B) Simple

(C) Half Simplex (D) Full Simplex

-19 یہ کمپیوٹر فن تعمیر کی ایک قسم ہے۔

(A) Peer to Peer (B) Peer to Point

(C) Server Point (D) Client to Client

-20 ایک نیٹ ورک جو ایک عمارت میں کمپیوٹرز کو ملاتا ہے۔

(A) WAN (B) MAN

(C) LAN (D) CAN

-21 انٹرنیٹ اس کی بہترین مثال ہے۔

(A) LAN (B) WAN

(C) MAN (D) CAN

-22 MAN کا مطلب ہے۔

(A) Main Area Network (B) Mobile Area Network

(C) Metropolitan Area Network (D) Major Area Network

-23 اسے اینالاگ سگنل کو ڈیجیٹل سگنل میں تبدیل کرنے کے طور پر جانا جاتا ہے۔

(A) Demodulation (B) Mudulation

(C) Communication (D) Transmission

-24 اسے ڈیجیٹل سگنل سے اینالاگ سگنل میں تبدیلی کے طور پر جانا جاتا ہے۔

(A) Demodulation (B) Modulation

(C) Communication (D) Transmission

-25 اس ٹاپالوجی میں ٹرانسمیشن لائن نیٹ ورک کے مرکز میں رکھی جاتی ہے۔

(A) Ring (B) Star

(C) Bus (D) Mesh

-26 یہ ٹاپالوجی مہنگی اور انسٹال کرنا مشکل ہے۔

(A) میش (Mesh) (B) سٹار (Star)

(C) بس (Bus) (D) رنگ (Ring)

-27 یہ سب سے تیز رفتار ازمواصلاتی لائن ہے۔

(A) CDMA (B) DSL

(C) 4G (D) ISDN

-28 یہ کمپیوٹر نیٹ ورک میں ایک مرکزی کمپیوٹر ہے۔

(A) Point (B) Client

(C) Server (D) Peer

-29 CDMA میں D کا مطلب ہے۔

(A) Division (B) Distribute

(C) Dial (D) Duplex

-30 اس کنکشن میں ٹیلی فون لائن مصروف رہتی ہے۔

(A) DSL (B) ISDN

(C) Dial up (D) CDMA

-31 Simplex Mode میں ڈیٹا حرکت کرتا ہے۔

(A) دونوں سمت میں (Both direction)

(B) مختلف وقت میں دونوں سمت (Both direction in different time)

(C) بیک وقت دونوں سمت میں (Both direction simultaneously)

(D) ایک سمت میں (One direction)

-32 کمیونیکیشن میں ایک entity نیٹ ورک پر بھیجی جاتی یا وصول کی جاتی ہے، کہلاتی ہے:

(A) ڈیٹا (B) سگنل

(C) پروٹوکولز (D) ڈلیوری

-33 اس مواصلات میں فزیکل ٹرانسمیشن میڈیم کا استعمال ہوتا ہے۔

(A) وائرلیس (B) ریڈیو

(C) سیٹلائٹ (D) کیبل ٹی وی

-34 یہ ایک مسلسل سگنل جس میں مقدار (quantity) تبدیل ہوتی رہتی ہے۔

(A) ڈیجیٹل سگنل (B) اینالاگ سگنل

(C) ٹریفک سگنل (D) گرین سگنل

-35 یہ قواعد کا ایک سیٹ ہے جو ڈیٹا کمیونیکیشن پر حکمرانی کرتا ہے۔

(A) ٹرانسمیشن میڈیم (B) پیغام

(C) پروٹوکولز (D) ٹائم لائن

-36 یہ ایک ڈیٹا ٹرانسفر موڈ ہے جس میں ڈیٹا ایک ہی رفتار سے بھیجا اور وصول کیا جاتا ہے۔

(A) Wireless transmission (B) Asynchoronous transmission

(C) Wire-based transmission (D) Synchroronous transmission

-37 یہ ایک تیز رفتار اور مہنگی کیبل ہے۔

(A) Fiber Optic (B) Twisted Pair

(C) Coaxial (D) Twisted Optic

-38 میڈیم جس میں سگنلز کیبل یا تار کے ذریعے موصول ہوتے ہیں وہ ہے:

(A) Guided Media (B) Unguided Media

(C) Local Media (D) Global Media

-39 رفتار جس کے ساتھ ڈیٹا منتقل ہوتا ہے ______ کہلاتا ہے۔

(A) Data Rate (B) Noise

(C) Bandwidth (D) Signal to noise ratio

-40 ایسا ڈیٹا ٹرانسفر موڈ (Data Transfer Mode) جس میں سگنلز کریکٹر بائی کریکٹر بھیجے جاتے ہیں ______ کہلاتا ہے۔

(A) Wire-based transmission (B) Asynchoronous Transmission

(C) Synchoronous Transmission (D) Wireless Transmission

-41 الیکٹرو میگنیٹک ویوز (لہریں) کی فریکوئنسی 1GHZ سے 300GHZ ہوتی ہے۔

(A) Radio Wave (B) Infrared Wave

(C) Microwave (D) Satellite wave

-42 یہ ٹرانسمیشن کی خرابی (Impairment) میں سے ایک ہے۔

(A) Timelines (B) Attenuation

(C) Protocols (D) Accuracy

-43 اس تکنیک کا استعمال سگنلز کی طاقت بڑھانے کے لیے کیا جاتا ہے۔

(A) Amplification (B) Distortion

(C) Cross Talk (D) Attenuation

-44 اس قسم کے آلات ایک کمپیوٹر کو دوسرے کمپیوٹرز کے ساتھ جوڑنے (ملانے) کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

(A) Input devices (B) Output devices

(C) Storage devices (D) Communication devices

-45 یہ آلہ ڈیٹا کے پیکٹ کو فلٹر کرتا ہے اور اسے نیٹ ورک پر بھیجا جاتا ہے۔

(A) Modem (B) Router

(C) Switch (D) Network Card

-46 مائیکرو ویو ٹرانسمیشن، کوآکسل کیبل اور فائبر آپٹک ______ کی مثالیں ہیں۔

(A) modems (B) communication limbs

(C) gateways (D) ring network

-47 سیٹلائیٹ ٹرانسمیشن کے ساتھ استعمال ہونے والا آلہ جو یہ یقینی بناتا ہے کہ مضبوط آؤٹ گوئنگ سگنلز کمزور آنے والے سگنلز کے ساتھ انٹرفیس نہیں کرتا اسے ______ کہا جاتا ہے۔

(A) microwave (B) transponder

(C) cable — (D) modem

48- Modulation کی قسم جو سگنلز کی اونچائی کو تبدیل کرتی ہے اسے ______ کہتے ہیں۔

(A) frequency — (B) phase

(C) amplitude — (D) prephase

49- موڈیم کس نے ایجاد کیا؟

(A) IBM — (B) DEC

(C) AT & T Information System — (D) Apple Computer Inc.

50- فون لائنوں پر بھیجنے کے لیے کمپیوٹر یا ٹرمینل کے ذریعہ تیار کردہ سگنلز کو تبدیل کرنا ہوگا:

(A) modems — (B) analog signals

(C) digital signals — (D) microwave

51- آن لائن نظام کے لیے لاجیکل سکیورٹی بنیادی طور پر ______ اور اجازت کوڈ (authorization code) کے ذریعہ حاصل کی جاتی ہے۔

(A) MIS — (B) Passwords

(C) Tactical — (D) None

## جوابات

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (C) | -6 | (D) | -5 | (A) | -4 | (B) | -3 | (D) | -2 | (C) | -1 |
| (C) | -12 | (A) | -11 | (C) | -10 | (D) | -9 | (A) | -8 | (A) | -7 |
| (B) | -18 | (B) | -17 | (A) | -16 | (C) | -15 | (D) | -14 | (B) | -13 |
| (B) | -24 | (A) | -23 | (C) | -22 | (B) | -21 | (C) | -20 | (A) | -19 |
| (C) | -30 | (A) | -29 | (C) | -28 | (C) | -27 | (A) | -26 | (C) | -25 |
| (D) | -36 | (C) | -35 | (B) | -34 | (D) | -33 | (A) | -32 | (D) | -31 |
| (B) | -42 | (C) | -41 | (B) | -40 | (A) | -39 | (A) | -38 | (A) | -37 |
| (C) | -48 | (B) | -47 | (C) | -46 | (C) | -45 | (D) | -44 | (A) | -43 |
| | | | | | | (B) | -51 | (B) | -50 | (D) | -49 |

## مشق (Exercise)

### 3.1 کثیر الانتخابی سوالات

1- IPV4 ایڈریس ______ بائنری بٹس سے بنتا ہے۔

(i) 31 — (ii) 29 — (iii) 32 — (iv) 30

2- روٹنگ ایسا عمل ہے جس میں ایک آلے سے ڈیٹا لے کر دوسرے آلے کو مختلف ______ پر بھیجا جاتا ہے۔

(i) چینل — (ii) نیٹ ورک — (iii) پاتھ — (iv) ایریا

3- DHCP ______ کا مخفف ہے۔